CIVILIAN
EMPLOYEES
COOPERATIVE
HOUSING SOCIETY

SOAN
GARDENS

سویلین ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (رجسٹرڈ)

CIVILIAN HOUSING COOPERATIVE HOUSING SOCIETY (REGD)

# SOAN GARDENS

# AGENDA POINTS

(16th) AGM - 2018

# پکٹوریل












بسم الله الرحمن الرحيم
١٤١٨



# Message

## انصر محمود گوندل

### صدر

معزز ممبران سوسائٹی نے مجھے مئی 2015ء کے الیکشن میں سوسائٹی کے صدر کی حیثیت سے منتخب کیا اور مجھ پر بھرپور اعتماد کیا۔ ذمہ داری سنبھالنے کے بعد میں نے دیگر عہدیداران کے ساتھ مل کر اس سوسائٹی کے رہائشیوں اور معزز ممبران کی خواہشات کے مطابق سوسائٹی کی بہتری کے لیے خلوص دل سے کام کرنا شروع کیا۔ محدود وسائل کے باوجود خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنے انتظامی و عملی تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے معزز ممبران کے تعاون سے روزمرہ کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جن کے ثمرات ظاہر ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ زمین کی منتقلی، سٹریٹ لائٹس، کارپیٹنگ، سکیورٹی، مین روڈز کی خوبصورتی، ٹیوب ویلز، سواں گارڈن فیز۔ٹو کی ڈویلپمنٹ جیسے فوری توجہ طلب پراجیکٹس پر کام کا آغاز کیا۔ اب میری نظریں خوبصورت انٹری گیٹس، چلڈرن پارکس کی بحالی، ہر بلاک کی انفرادی حیثیت، صفائی کے نظام کی مزید بہتری کے علاوہ دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی پر مرکوز ہیں۔ اللہ کی مدد اور معزز ممبران کے تعاون سے سوسائٹی کو واقعی سوسائٹی بنانے میں اپنا کردار ادا کرتا رہوں گا۔



# Message

## چوہدری یاسر عرفات مہدی

### سیکرٹری

سوسائٹی الیکشن مئی 2015ء میں سیکرٹری کی حیثیت سے منتخب ہوا۔اس عہدے پر فائز ہونے کے بعد میری کوشش رہی کہ میں سوسائٹی کے معزز ممبران کی خواہشات کو مدنظر رکھتے ہوئے سوسائٹی کی ترقی کے لیے ٹیم ورک کے ساتھ معزز ممبران کے مسائل کے حل کے لیے بہتر سے بہتر اقدامات کروں۔اسی جذبے کے تحت کام کا آغاز کیا اور الحمد للہ موجودہ انتظامیہ اس مقصد میں بہت حد تک کامیاب بھی ہوگئی ہے۔میری ان کوششوں میں سوسائٹی کے معزز ممبران کا تعاون برابر کا شریک ہے۔مستقبل میں دیگر منصوبہ جات کو عملی شکل دینے کے لیے بھی گراں قدر مشاورت اور محنت سے کام کیا جانا باقی ہے۔میں امید کرتا ہوں کہ سوسائٹی محدود وسائل کے باوجود انشااللہ ترقی کی طرف گامزن رہے گی لہذا آپ لوگ بھی سوسائٹی کی ترقی وخوشحالی کے لیے اپنا حصہ ڈالتے رہیں گے۔اللہ سوسائٹی کی ترقی میں ہماری مدد فرمائے۔آمین



# Message

## ارشد محمود بٹ
### سیکرٹری فنانس

میں معزز ممبران کے ووٹ سے 9 مئی 2015ء کے الیکشن میں سوسائٹی کے سیکرٹری فنانس کی حیثیت سے منتخب ہوا۔ قائداعظم یونیورسٹی میں ملازمت کے دوران حاصل کیے گئے تجربے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں نے سوسائٹی کے شعبہ فنانس میں آمدن اور اخراجات کو صحیح طور پر استعمال کرنے کے لیے مربوط اقدامات کیے تاکہ سوسائٹی کے فنانس کو ایک نظام کے تحت چلایا جاسکے۔ اس سلسلے میں اپنے معزز ممبران سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ سوسائٹی کے اس شعبہ کو تقویت دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور اپنے ذمہ تمام تر واجبات کی ادائیگی کو ممکن بنائیں تاکہ مالی دشواریوں کو پورا کیا جاسکے۔ اس سلسلے میں آپ کا تعاون مستقبل کے منصوبوں کو مکمل کرنے میں مددگار ثابت ہوسکے اور ہماری مخلصانہ کوششیں رنگ لائیں۔

# ایجنڈا پوائنٹس برائے

## سولہویں AGM بتاریخ 14-01-2018

سویلین ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (سواں گارڈن) کی جنرل باڈی کے سولہویں اجلاس بتاریخ 14 جنوری 2018ء کے نکات مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ آغاز تلاوت قرآن پاک کے ساتھ

۲۔ صدر صاحب کا افتتاحی خطاب

۳۔ پندرہویں اجلاس منعقدہ 23 اکتوبر 2012ء کے منٹس کی منظوری

۴۔ انتظامی کمیٹی کے 18 مئی 2015ء تاحال اجلاسوں کی منظوری

۵۔ فنانس سیکرٹری تفصیلی مالی رپورٹ اور بیلنس شیٹ پیش کریں گے اور سال 2015-2016 اور سال 2016-2017 کے سائٹ اخراجات، سائٹ ریپئیر/مینٹیننس اور قانونی امور پر صرف ہونے والے اخراجات کی منظوری

۶۔ صفائی کی مد میں سوسائٹی کے معزز ممبران اور رہائش پذیر حضرات سے متعلق بقایاجات کی ادائیگی۔

۷۔ آڈٹ رپورٹ 2017-2018 پر بحث اور منظوری

۸۔ مروجہ قانون کی روشنی میں انکم اسٹیٹمنٹ اور بیلنس شیٹ کی ترمیم

۹۔ منظوری برائے فارنزک آڈٹ فیس برائے سال 2011-2016

۱۰۔ بحث اور منظوری برائے تخمینی بجٹ برائے سال 2017-2018 پر

۱۱۔ منظوری برائے نئی ممبرشپ 2016-2017-30-06

۱۲۔ بلاک (A) تا بلاک (I) رہائشی و کمرشل پلاٹس کی ٹرانسفر، قبضہ اور ری ایلوکیشن کی منظوری اور بلاک (H) ایفیلی ایشن میں تاحال الاٹمنٹس کی منظوری۔

۱۳۔ میسرز میپلن کوم کی جانب سے سواں گارڈن کے تمام بلاکس میں کی گئی روڈ کارپیٹنگ پر بحث اور منظوری۔

۱۴۔ سال 2017-18 میں مکمل کیے گئے اور پائپ لائن میں موجود پراجیکٹس پر بحث اور منظوری۔

۱۵۔ ایفلی ایٹڈ لینڈ کی سوسائٹی کے نام منتقلی۔

۱۶۔ سواں گارڈن، فیز۔ٹو کے LOP/NOC کی منظوری۔

۱۷۔ ممبرز/ڈویلپمنٹ یا زمین کے متبادل کمرشل ور ہائشی پلاٹس کی الاٹمنٹ کی اجازت اور فیز۔ٹو کی ڈویلپمنٹ پر بحث اور منظوری۔

۱۸۔ لنک روڈ تا سواں گارڈن فیز۔ٹو زمین کی خریداری کے لیے بحث و منظوری

۱۹۔ کنسلٹنٹس کی ہائرنگ برائے (فیز۔ٹو اور کمپیکٹ لینڈ)

۲۰۔ دیگر پوائنٹس پر تبادلہ خیال صدر صاحب کی منظوری کے ساتھ

۲۱۔ سیکرٹری صاحب کا اختتامی خطاب

۲۲۔ سیشن برائے سوالات و جوابات

۲۳۔ ریفریشمنٹ

# CECHS مینجمنٹ کمیٹی (MC) کا مختصر تعارف:

سویلین ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (سواں گارڈن) کی مینجمنٹ کمیٹی (MC) مندرجہ ذیل عہدے داران پر مشتمل ہے:

**مینجمنٹ کمیٹی:** انصر محمود گوندل (صدر) حاجی سیف اللہ (نائب صدر)

چوہدری یاسر عرفات مہدی (جنرل سیکریٹری) ارشد محمود بٹ (فنانس سیکریٹری)

## ایگزیٹو باڈی ممبران:

محمد رمضان لغاری ۔ چوہدری ارشد محمود ۔ حافظ محمد انور ۔ تاج محمد سجاد ۔ ممتاز حسین خلیل

سوسائٹی الیکشن منعقدہ مئی 2015ء کے نتیجے میں بننے والی MC نے سوسائٹی آفس کا چارج سنبھالا تو سوسائٹی کے معاملات انتہائی درجے تک بگڑے ہوئے تھے۔ سوسائٹی میں بنیادی سہولتوں کا فقدان تھا، اہلیان سواں گارڈن کے اعتماد کا شیرازہ بکھرا ہوا تھا، ناامیدی کی فضا برقرار تھی اور اس کے ساتھ ساتھ بے شمار مسائل MC کا منہ چڑا رہے تھے۔ ایسی صورتحال کے پیش نظر MC نے ہنگامی اجلاس بلایا اور معاملات کو ٹھیک کرنے کی غرض سے سر جوڑ کر بیٹھے اور فیصلہ کیا کہ جتنی جلدی ممکن ہو سکے ان مسائل پر قابو پایا جائے، لوگوں کے اعتماد کو بحال کیا جائے اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ جب MC کے تمام ممبران خدمت کے جذبے کے ساتھ میدان میں اترے تو عملی میدان میں ہر موڑ پر رکاوٹیں کھڑی کی گئیں جن کی تفصیل بیان کرنا اس وقت مناسب نہیں ہے۔ تمام تر مشکلات اور رکاوٹوں کے باوجود MC اپنے ارادے میں پرعزم رہی اور پھر آخر کار MC کی کاوشوں سے طویل انتظار کے بعد سوسائٹی کے ویرانے میں تازہ ہوا کا جھونکا آیا اور لوگوں کے دیرینہ مسائل کے حل کا آغاز ہوا۔ یہاں یہ باور کرانا ضروری ہے کہ MC نے آپ کی جائز تنقید اور تعاون کو خندہ پیشانی سے قبول کیا۔ اس طرح ہمارے ارادے اور مضبوط ہو گئے۔ یہی وجہ ہے کہ MC آپ کے جذبات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے کیونکہ آپ کے تعاون نے ہمیں مزید حوصلہ دیا اور ہم منفی رجحانات پر قابو پانے کے لیے ہر رکاوٹ کے سامنے ڈٹے رہے۔ مستقبل میں بھی ہم آپ کے تعاون طلبگار رہیں گے۔ اور انشاء اللہ سوسائٹی کیلئے بے لوث خدمت کرتے رہیں گے۔

## CECHS مینجمنٹ کمیٹی (MC) کی کارکردگی:

تمام ترکاوٹوں کے باوجود سویلین ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (سواں گارڈن) کی مینجمنٹ کمیٹی (MC) کی کارکردگی کے نمایاں خدوخال مندرجہ ذیل ہیں:

### ☆۔ سوئی گیس کی فراہمی:

MC نے سب سے پہلے بلاک H (ایفیلی ایشن ایریا) کوسوئی گیس جیسی بنیادی سہولت کی فراہمی ممکن بنائی۔

### ☆۔NOC کی بحالی:

سوسائٹی ھذا کا NOC جو کہ CDA نے معطل کیا تھا۔MC کی کوششوں سے بحال ہوگیا ہے۔

### ☆ زمین کی منتقلی:

ایچ بلاک (ایفلی ایشن) کی کنال زمین سوسائٹی کے نام منتقل کروائی گئی جس سے اس علاقے کے لوگوں احساس محرومی کودور کیا گیا

### ☆۔ فیڈرالیکٹرک سٹی انرجائزر کی تنصیب:

سوسائٹی کے مین ڈبل روڈ لائٹس کوممکن بنانے کے لیے فیڈر الیکٹرک سٹی انرجائزر لگایا گیا تا کہ روڈ کے دونوں جانب الیکٹرک لوڈ کوتقسیم کر کے روشنی کو بحال رکھا جاسکے۔

### ☆۔ زیرزمین واٹرریزروائر کی تعمیر:

فراہمی آب کی بہتری کے لیے ایچ بلاک میں 50000 لیٹرپانی ذخیرہ کرنے کی غرض سے زیرزمین ٹینک بنایا گیاہے تاکہ واٹرسپلائی کی مشکلات میں کمی آسکے۔

### ☆۔ ٹیوب ویل:

پانی کی کمی کو پورا کرنے کے لیے ایچ بلاک میں دریائے سواں کے ساتھ 2 ہیوی ڈیوٹی اور 4 لائٹ ڈیوٹی ٹیوب ویلز بنائے گئے تاکہ پانی کی سپلائی میں مدد مل سکے۔مزید دو ہیوی ڈیوٹی ٹیوب ویل بھی مکمل ہو چکے ہیں۔ ان کو مین لائن سے منسلک کرنے کا کام جاری ہے۔

☆۔ ہیوی ڈیوٹی ٹربائن:

پانی نکالنے کے پرانے سسٹم کو اپ گریڈ کرنے کی غرض سے ایچ بلاک میں ہیوی ڈیوٹی ٹربائن لگائی ہے۔ تا کہ پانی کو کم وقت میں اوپر والے سٹوریج میں منتقل کر کے سپلائی دی جائے۔

☆۔ سڑکوں اور گلیوں کی کارپیٹنگ:

آپ کے تعاون سے سوسائٹی کے تمام بلاکس کی سڑکوں اور گلیوں کی مرمت و کارپیٹنگ کا کام جاری ہے اور مرحلہ وار مکمل کیا جا رہا ہے۔ آج کل ایچ بلاک میں روڈ کارپٹنگ کا کام جاری ہے۔

☆ روڈ لائننگ اور آئی کیٹس:

سوسائٹی کے مین ڈبل روڈ کی خوبصورتی کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے سڑک کے دونوں اطراف سفید اور پیلی لائن اور درمیان میں آئی کیٹ کی تنصیب کی گئی۔

☆۔ کوڑے دان کی تنصیب:

کوڑا کرکٹ کو گلیوں میں بکھرنے سے روکنے اور صفائی کے انتظام کو مربوط بنانے کی غرض سے کوڑے دان کی تیاری جاری ہے اور مرحلہ وار بہت جلد ہر گھر کے باہر ان کی تنصیب شروع کی جا رہی ہے۔

☆۔ سکیورٹی کیمروں کی تنصیب:

سوسائٹی کے داخلی راستوں پر سکیورٹی کیمروں کی تنصیب کی گئی ہے تا کہ ہر قسم کی مشکوک نقل و حرکت پر نظر رکھی جا سکے۔

☆۔ سکیورٹی گارڈز کی نمایاں شناخت:

گارڈز کی یونیفارم کو بہتر کیا گیا ہے تا کہ سوسائٹی کے گارڈز کی موجودگی نمایاں ہو سکے اور ہر آنے والے کو سکیورٹی سسٹم فعال نظر آئے۔

☆۔ الائیڈ چارجز بلز کی ماہ وار وصولی:

الائیڈ چارجز کی ماہانہ بنیادوں پر وصولی کا انتظام کیا گیا ہے تا کہ مینٹیننس کے امور کو بروقت کیا جا سکے۔

☆۔ آڈٹ سسٹم کا اجراء:

سوسائٹی کے فنانس سے متعلق امور کو صاف وشفاف رکھنے کی غرض سے آڈیٹر کی اسامی کو پر کیا گیا ہے تا کہ روزمرہ کے اخراجات کا انٹرنل آڈٹ کیا جاسکے اور مالی امور کی مانیٹرنگ کی جاسکے۔

☆۔ ٹیکسوں کے معاملات:

ٹیکسوں سے متعلق تاخیری معاملات کو جلد از نمٹایا جارہا ہے۔

☆ کوڑا کرکٹ جمع کرنے والی ٹرالی:

ہر گھر سے کوڑا وصول کرنے کی غرض سے مزید ایک ٹرالی کا انتظام کیا گیا ہے تا کہ کوڑا کرکٹ بروقت جمع کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوسکے۔

☆ کنال روڈ کی تزئین:

کنال روڈ پر نالے کے دونوں اطراف دیوار، گرل، لائٹس، فٹ پاتھ، جاگنگ ٹریک کا انتظام کیا گیا ہے جس سے H اور F بلاکس کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا۔

## دیگر پراجیکٹس:

☆ پارکس کی تزئین:

عنقریب سواں گارڈن فیز 1 کے مختلف بلاکس میں موجود 6 عدد پارکس کی تزئین۔ بچوں کی تفریح کیلئے جھول لگانے کا کام شروع کر دیا جائے گا۔

☆ قبرستان:

قبرستان کی زمین کے حصول کیلئے کوشش کر رہے ہیں انشاء اللہ یہ مسلئہ بھی جلد حل کریں گے۔

☆ سوسائٹی کے داخلی راستے:

جلد ہی سواں گارڈن کے تین انٹری گیٹس کی جدید طرز پر تعمیر کی جائے گی تا کہ سوسائٹی میں داخل ہونے والے تمام راستوں کو خوبصورت بنایا جائے گا۔

## ☆ دفتر شکایات:

روزانہ کی بنیاد پر شکایات کے ازالے کے لیے دفتر شکایات، شالیمار روڈ پر ڈیسک بنا دیا گیا ہے تا کہ شکایات کا فوری ازالہ ممکن ہو۔

شکایات فون نمبر 051-5738188 پر رجسٹرڈ کروائیں۔

## ☆ پانی کی سپلائی:

معمول کے شیڈول کے علاوہ متبادل ایام میں بھی پانی کی سپلائی کو یقینی بنایا گیا ہے۔

## ☆ نئی پائپ لائن کی بچھائی:

ایچ بلاک کے نئے ٹیوب ویل تا اوور ہیڈ واٹر ٹینک تک "6 قطر کی پائپ لائن بچھائی جا رہی ہے تا کہ پانی ٹینک تک پہنچایا جائے اور پھر واٹر سپلائی لائنز کے ذریعے گھروں تک پہنچایا جا سکے تا کہ پانی کی کمی کو قدرے کنٹرول کیا جائے۔

## ☆ پبلک ڈیلنگ بذریعہ خوش اخلاقی:

سوسائٹی آفس سٹاف کو ہدایات دی گئی ہیں کہ وہ دفتر میں آنے والے افراد کو بہتر سہولت فراہم کرنے کے لیے خوش اخلاقی کے شعار کو مزید بہتر بنائیں تا کہ لوگوں کو اجنبیت محسوس نہ ہو۔

☆ **خوشخبری : سواں گارڈن فیز II** جو کہ نئے ائیر پورٹ کے قریب ہے۔ اس کی Development کے کام کا آغاز ہو چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ یہ دیرینہ مسئلہ بھی موجودہ MC نے خوش اسلوبی سے حل کیا ہے۔ آپ کے تعاون سے اس کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے۔

## فیوچر پروگرام:

فیز-1 میں تمام بلاکس کے دیرینہ مسائل کو حل کرنے کے ساتھ ساتھ MC کی نظر مستقبل قریب کے پروگرام پر بھی مرکوز ہے مثلاً

☆ بلاک ایچ (ایفلیی ایشن) ایریا کی تمام گلیوں کے نامکمل سیوریج سسٹم کو ہنگامی بنیادوں پر مرمت اور مکمل کیا جائے گا تاکہ لوگوں کی شکایات کو دور کیا جاسکے۔ اس بلاک کی گلیوں میں واٹر سپلائی کے لیے پائپ لائن بچھانے کا پروگرام عمل میں آئے گا اور اس کے بعد گلیوں کی کارپیٹنگ مکمل کی جائے گی۔ اس علاقے میں سٹریٹ لائٹس کا انتظام بھی کیا جانا ہے تاکہ لوگوں کے دیرینہ مسائل میں سے بنیادی مسائل حل ہوسکیں۔

☆ ایچ بلاک کے داخلی راستے کو روشنی اور سبزے سے آراستہ کرنا بھی اس پروگرام کا حصہ ہے تاکہ چیک پوسٹ سے داخل ہونے والی سڑک بھی مین چیک پوسٹ کی طرح خوبصورت ہو۔

## ☆ کنٹری بیوشن/تعاون:

معزز اہلیان سواں گارڈن آپ اس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ کوئی بھی کام کرنے سے پہلے پلاننگ پھر اس پر عملدرآمد اور آخر میں تکمیل ہوتی ہے۔ موجودہ MC خالی پلاننگ ہی نہیں کرتی بلکہ اس پر عمل بھی کرتی ہے۔

آپ کو معلوم ہے کہ اگر اخراجات آمدن سے زیادہ ہوں تو کوئی بھی منصوبہ پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا۔ اس سلسلے میں آپ لوگوں کا تعاون ہمیشہ شامل حال رہا ہے اور یہ یقین سے کہا جاسکتا ہے کہ آپ کے تعاون کے بغیر MC محدود ہو جاتی ہے۔ ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ سوسائٹی بائی لاز کی پابندی، ذمہ داری کا احساس اور مہذب معاشرے کے افراد کی طرح آپ بھی اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے تاکہ تمام امور کو بہتر طریقے سے چلایا جاسکے۔ لہذا آپ اپنے حصہ کا کردار ادا کریں اور ہمارے ہاتھ مضبوط کریں تاکہ مسائل کے جن کو بوتل میں بند کیا جائے۔ آپ اپنے حصے کے تمام یوٹیلٹی بلز بروقت ادا کرتے رہیں۔ اپنی تجاویز سے ہمیں فیڈ بیک بھی کرتے رہیں تاکہ ان تجاویز سے مزید بہتری کی کوشش کرتے رہیں۔

# SUMMARY OF
# ANNUAL AUDIT REPORT
# FOR THE YEAR ENDED
# 30 JUNE, 2017

1-7-18 to 30-06-19

# CIVILIAN EMPLOYEES COOPERATIVE HOUSING SOCIETY SOAN GARDEN (ZONE-V) ISLAMABAD

## TOTAL NUMBER OF RESIDENTIAL AND COMMERCIAL PLOTS TRANSFERRED W.E.F. 18-05-2015 TO 31-12-2017

**1854**

## TOTAL NUMBER OF POSSESSION GIVEN TO THE RESPECTIVE MEMBERS OF RESIDENTIAL AND COMMERCIAL PLOTS W.E.F. 18-05-2015 TO 31-12-2017

**332**

## CIVILIAN EMPLOYEES COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LIMITED, ISLAMABAD

## BALANCE SHEET

**AS AT 30TH JUNE, 2017**

| | Note | PHASE-I RUPEES | PHASE-II RUPEES | Phase-I & II 2017 RUPEES | Phase-I & II 2016 RUPEES |
|---|---|---|---|---|---|
| **CAPITAL & LIABILITIES** | | | | | |
| Share Capital | 1 | 2,183,300 | 1,368,500 | 3,551,800 | 3,551,800 |
| Accumulated Surplus / (Deficit) | 2 | 106,652,556 | 854,914 | 107,507,470 | 115,939,203 |
| | | **108,835,856** | **2,223,414** | **111,059,270** | **119,491,003** |
| General Reserves | 3 | 14,006,004 | 162,320 | 14,168,324 | 14,168,324 |
| Right of Way CBR | 4 | 2,500,000 | - | 2,500,000 | 2,500,000 |
| Members Deposits | 5 | 1,041,457,461 | 575,690,270 | 1,617,147,731 | 1,592,430,720 |
| Affiliation Deposits | 6 | 16,907,150 | - | 16,907,150 | 16,907,150 |
| Payable to Phase-I (Contra) | 7 | - | 43,205,637 | 43,205,637 | 43,005,637 |
| **CURRENT LIABILITIES** | | | | | |
| Retention Money Payable | 8 | 9,489,438 | - | 9,489,438 | 9,489,438 |
| Accounts Payable | 9 | 18,428,294 | - | 18,428,294 | 18,428,294 |
| Income Tax Payable | 10 | 1,850,945 | - | 1,850,945 | 910,460 |
| Payable Ms Maplin Com | 11 | 21,335,494 | - | 21,335,494 | 35,284,683 |
| | | **51,104,171** | **-** | **51,104,171** | **64,112,875** |
| **TOTAL RS.** | | **1,234,810,642** | **621,281,641** | **1,856,092,283** | **1,852,615,710** |
| **PROPERTY & ASSETS** | | | | | |
| **FIXED ASSETS** | | | | | |
| (As per Fixed Assets Schedule attached) | 12 | 924,888,154 | 8,213,737 | 933,101,891 | 942,802,866 |
| Land at Cost | 12.1 | 238,965,925 | 583,841,000 | 822,806,925 | 822,806,925 |
| | | **1,163,854,079** | **592,054,737** | **1,755,908,816** | **1,765,609,791** |
| Development Work in Progress | 13 | **15,881,478** | - | **15,881,478** | - |
| **CURRENT ASSETS** | | | | | |
| Advances | 14 | 3,320,000 | 2,171,879 | 5,491,879 | 5,491,879 |
| Intiqal Fee & Transfer Fee | 15 | - | 25,645,900 | 25,645,900 | 25,645,900 |
| Receivable from Phase-II (Contra) | 16 | 43,205,637 | - | 43,205,637 | 43,005,637 |
| Receivable against Maintenance | 17 | 2,020,008 | - | 2,020,008 | 2,020,008 |
| Other Receivables | 18 | 851,685 | - | 851,685 | 335,585 |
| Receivable from Extension Account | 19 | 101,000 | 1,385,761 | 1,486,761 | 1,486,761 |
| Advance Tax | 20 | 2,817,919 | 23,244 | 2,841,163 | 1,841,888 |
| Cash & Bank Balances | 21 | 2,758,836 | 120 | 2,758,956 | 7,178,261 |
| | | **55,075,085** | **29,226,904** | **84,301,989** | **87,005,919** |
| **TOTAL RS.** | | **1,234,810,642** | **621,281,641** | **1,856,092,283** | **1,852,615,710** |

The annexed notes form an integeral part of these Financial Statements.

## CIVILIAN EMPLOYEES COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD ISLAMABAD

### INCOME & EXPENDITURE ACCOUNT

### FOR THE YEAR ENDED 30TH JUNE 2017

| | PHASE-I | PHASE-II | 2017 | Phase-I & II 2016 |
|---|---|---|---|---|
| | RUPEES | RUPEES | RUPEES | RUPEES |
| **INCOME** | | | | |
| Transfer fee | 15,875,500 | - | 15,875,500 | 22,595,700 |
| Conservancy charges | 22,222,978 | - | 22,222,978 | 16,674,444 |
| Demarcation/ Possession fee | 6,513,138 | - | 6,513,138 | 5,627,400 |
| Maintenance Charges | 5,822,000 | - | 5,822,000 | 8,166,000 |
| Membership Fee | 1,295,000 | - | 1,295,000 | 1,855,000 |
| Affiliation Fee | 2,025,000 | - | 2,025,000 | 955,000 |
| Bank Profit | - | - | - | 58,622 |
| Other Income | 9,681,315 | - | 9,681,315 | 7,766,508 |
| Completion & Voilation charges | 5,658,950 | - | 5,658,950 | 8,037,250 |
| **Total Income** | **69,093,881** | **-** | **69,093,881** | **71,735,924** |
| **EXPENDITURE** | | | | |
| Bank Charges | 5,571 | - | 5,571 | 8,410 |
| Entertainment | 840,555 | - | 840,555 | 879,109 |
| Salaries Office & Site Staff | 12,125,670 | - | 12,125,670 | 14,318,564 |
| Staff medical / walfare | 455,680 | - | 455,680 | 50,000 |
| Utilities Office/ Site | 12,359,713 | - | 12,359,713 | 13,817,754 |
| Legal Expenses | 6,313,415 | - | 6,313,415 | 4,008,530 |
| Janitorial Services | 4,223,725 | - | 4,223,725 | 3,481,825 |
| P.O.L | 1,441,995 | - | 1,441,995 | 1,378,598 |
| Office Expenses | 139,089 | - | 139,089 | 140,420 |
| Printing & Stationery | 828,162 | - | 828,162 | 790,031 |
| Travelling Expenses | 37,755 | - | 37,755 | 359,881 |
| Newspaper & Periodicals | 32,460 | | 32,460 | 19,740 |
| Repair & Maintenance - General | 6,793,537 | - | 6,793,537 | 6,495,715 |
| Repair & Maintenance - Vehicle | 504,635 | - | 504,635 | 1,240,436 |
| Site Expenses | 9,281,091 | - | 9,281,091 | 5,624,697 |
| Security Expenses | 11,104,493 | - | 11,104,493 | 10,350,815 |
| Miscellaneous Expenses | 361,113 | - | 361,113 | 238,850 |
| Audit Fee | 300,000 | - | 300,000 | 300,000 |
| Postage & Telegram | - | - | - | 88,710 |
| Advertisment | 300,080 | - | 300,080 | 314,460 |
| Depreciation | 9,958,358 | 118,516 | 10,076,874 | 10,212,935 |
| **Total Expenditure** | **77,407,099** | **118,516** | **77,525,615** | **74,119,480** |
| Deficit for the Year | (8,313,218) | (118,516) | (8,431,735) | (2,383,556) |
| General Reserve @ 1/10 p.a | - | | - | - |
| Deficit / Surplus Brought Forword | 114,965,774 | 973,430 | 115,939,204 | 118,322,760 |
| **Accumulated Surplus / (Deficit) transfer to Balance Sheet** | **106,652,556** | **854,914** | **107,507,469** | **115,939,204** |

The annexed notes form an integeral part of these Financial Statements.







SOAN GARDENS

CIVILIAN
EMPLOYEES
COOPERATIVE
HOUSING SOCIETY

1st Floor, Soan Complex, Main Soan Avenue (Zone V), Islamabad.
Office: +92-51-5738448, 5738449
E-mail: info@cechs.com